# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبۂ اُردو)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی

کورس: تاریخ ادب اُردو-I (8661) سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: بی ایڈ

### (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1- تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6- آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1 تا5)

کل نمبر: 100 — کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1: اُردو زبان کے آغاز وارتقا کے بارے میں معروف نظریات تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر2: پاک وہند میں اُردو زبان کے ارتقائی منظر نامہ کی تفصیل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3: جنوبی ہند میں اُردو ادب کے آغاز کے تناظر میں بہمنی دور کی خدمات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4: بیجاپور کی ریاست کا اُردو ادب کے ارتقا میں اہم کردار ہے۔ بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر5: بابر سے شاہ جہان تک (1525 تا1657) اُردو زبان وادب کے ارتقا پر نوٹ لکھیں۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:6 تا9)

کل نمبر: 100 — کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1: شہنشاہ بابر سے عہد شاہ جہاں تک اُردو زبان وادب کی ارتقائی صورت حال واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر2: اُردو میں ایہام گوئی کی تحریک پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3: میر وسودا کے دور میں اُردو غزل، مثنوی اور قصیدے کی صورت حال پر تبصرہ کریں۔ (20)

سوال نمبر4: دہلی کے ان سیاسی اور سماجی حالات کا تجزیہ کریں، جن میں دہلی کے دبستان شعری کی تشکیل ہوئی۔ (20)

سوال نمبر5: دہلی کے اہم شعرا کا تعارف کرائیں اور ان کی ادبی خدمات پر تفصیل سے بحث کریں۔ (20)